اور جناب وحید اشرف صاحب کے "معتزلہ" نامی مضمون پر ان کے توضیحی وتنقیدی تعلیقات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔

اس کتاب کو دار الکتاب، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار لاہور نے شائع کیا ہے، کتاب کی طباعت واشاعت میں انہوں نے اپنے عمدہ اور بہترین معیار کو برقرار رکھا ہے۔

حديقة الصفا في أسماء النبي المصطفى ﷺ، تالیف: مخدوم سید محمد ہاشم ٹھٹھوی سندھیؒ، اسٹاکسٹ: مکتبۃ الرازی، سلام مارکیٹ، بنوری ٹاؤن کراچی، صفحات: ۱۹۰، قیمت: ۳۰۰ روپے۔

علامہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی رحمۃ اللہ علیہ کا نام تعارف کا محتاج نہیں، وہ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے ہم عصر اور بارہویں صدی ہجری کے مشہور بزرگ اور عالم دین ہیں، کئی علمی وتحقیقی یادگاروں کے علاوہ انہوں نے حضور اکرم ﷺ کے ۱۱۱۷...... اسمائے مبارکہ کو "حديقة الصفا في أسماء النبي المصطفىٰ ﷺ" کے نام سے جمع کیا، یہ رسالہ اب تک مخطوطہ کی شکل میں تھا، مولانا نوید انور نے ترجمے کے ساتھ اسے انتہائی خوبصورت ڈیزائننگ اور اعلیٰ ورق (آرٹ پیپر) پر چھاپا ہے، اس کے ترجمے کا فریضہ مولانا محمد مزمل سلاوٹ صاحب اور جناب محمد احمد رضا صاحب نے سرانجام دیا ہے، ہر صفحے پر چھ، آٹھ، دس یا بارہ اسماء آگئے ہیں، ہر صفحہ کے سائیڈ حاشیہ پر خانہ کعبہ، مسجد حرام، مسجد نبوی کے مختلف مناظر کی چھوٹی چھوٹی خوبصورت رنگین تصاویر دی گئی ہیں اور ذیلی حاشیہ میں قصیدہ بردہ کا ایک ایک شعر دیا گیا ہے، آخر میں بدری صحابہؓ کے اسماء گرامی بھی دیئے گئے ہیں، کتاب کو ہفتہ کے سات دنوں کی ترتیب سے سات منزلوں میں تقسیم کیا گیا ہے، مختلف رنگوں کی مینہ کاری نے کتاب کو مزید دیدہ زیب اور جاذب نظر بنا دیا ہے، اس کی نشر واشاعت کا اہتمام شعبہ تحقیق وتصنیف جامعہ قدسیہ کراچی نے کیا ہے۔

کوہِ صبر واستقامت، ملا عبدالسلام ضعیف، ترتیب وتدوین: حافظ محمد ندیم، ناشر: دار الکتاب، کتاب مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور، صفحات: ۱۴۴، قیمت: ۱۲۰ روپے۔

یہ کتاب افغانستان کی طالبان حکومت کے پاکستان میں سابق سفیر ملا عبدالسلام ضعیف کی شخصیت وکردار، ان کی آپ بیتی اور ان پر لکھنے جانے والے مختلف دانشوروں کے کالموں کا مجموعہ ہے، کتاب کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، حصہ اول میں ملا عبدالسلام ضعیف کا تعارف، "گوانتانا موبے کیا ہے؟" کے عنوان سے ہفت روزہ ضرب مومن کے معروف کالم نگار جناب یاسر محمد خان کا کالم، افغانستان پر امریکی حملے سے پہلے ضرب مومن ۱۲ تا ۱۸ اکتوبر ۲۰۰۱ء کے شمارے میں شائع ہونے والا ملا عبدالسلام ضعیف کا انٹرویو، اور ان کی رہائی کے بعد روزنامہ "جناح، ۲۵ ستمبر ۲۰۰۶ء میں شائع ہونے والا ان کا ایک انٹرویو شامل ہے۔ حصہ دوم میں مختلف عنوانات قائم کرکے ملا عبدالسلام ضعیف کی آپ بیتی کی جھلکیاں دی گئی ہیں جو انہوں نے گوانتانا موبے سے رہائی کے بعد "د گوانتانامو انځور" کے نام سے پشتو زبان